فوری ریلیز کے لیے: 22/12/2022 **_KATHY HOCHUL گورنر_**

گورنر ہوچل نے ریاست بھر میں ریپ کٹ ٹریکنگ سسٹم کے قیام کے لیے قانون سازی پر دستخط کردیے

مسودۂ قانون S7867-A/A9596-A جنسی حملوں کے متاثرین کی ثبوت جمع کرنے کی کٹس کا سراغ لگانے میں مدد کرے گا

گورنر Kathy Hochul نے آج مسودۂ قانون (S7867-A/A9596-A) پر دستخط کر دیے ہیں تاکہ جنسی جرائم کے ثبوت جمع کرنے والی کٹس، جو عام طور پر عصمت دری کٹس کے نام سے معروف ہیں، کے لیے ریاست بھر میں الیکٹرانک ٹریکنگ سسٹم قائم کیا جائے۔ یہ ٹریکنگ سسٹم اس بات کو یقینی بنائے گا کہ جنسی حملے کے تمام متاثرین کو اپنی کٹس کی کیفیت اور مقام کے بارے میں معلومات تک رسائی حاصل ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "جنسی حملوں کے متاثرین حمایت، ہمدردی، مختاری اور انصاف کے مستحق ہیں، اور ہم اپنے بس میں ہر وہ کام کرنے کے لیے پُرعزم ہیں جس کے وہ حق دار ہیں۔" "یہ نیا ٹریکنگ سسٹم متاثرین کو ان کٹس کو ٹریک کرنے کی صلاحیت کے ساتھ بااختیار بنانے کا ایک اہم ذریعہ ہو گا، اور ریاست نیو یارک کو سب کے لیے محفوظ اور زیادہ معاون بنانے کی ہماری مجموعی کوششوں کی حمایت کرے گا"۔

مسودۂ قانون (S7867-A/A9596-A) فوجداری انصاف کی خدمات کے ڈویژن (Division of Criminal Justice Services, DCJS) کو قانون نافذ کرنے والے اداروں کی تحویل میں کٹس کے لیے ٹریکنگ سسٹم بنانے کی ہدایت کرتا ہے۔ یہ ٹریکنگ سسٹم متاثرین کو ان کے ریپ کٹ کی حالت کے بارے میں معلومات تک رسائی کی اجازت دے گا اور بروقت کارروائی کے لیے جوابدہی کو یقینی بنانے کے لیے اہم ہو گا۔

ریاستی سینیٹر Alessandra Biaggi نے کہا، "ریاست نیو یارک کا نیا ریپ کٹ ٹریکنگ سسٹم متاثرین کی مختاری کو بحال کرے گا اور انہیں ان کے ریپ کٹ کی حالت کے بارے میں معلومات تک رسائی کی اجازت دے گا اگر اور جب وہ تیار ہوں گے۔ عصمت دری کی کٹس کے بارے میں معلومات تک رسائی سے متاثرین کو خود ارادیت اور کنٹرول سے محرومی کا مقابلہ کرنے میں مدد مل سکتی ہے جو اکثر جنسی زیادتی کے واقعے کا مرکز ہوتا ہے۔ میں اس اہم قانون سازی پر دستخط کرنے کے لیے گورنر Kathy Hochul کی شکرگزار ہوں، اور اپنے قانون ساز ساتھیوں اور متاثرین کی حمایت میں انتھک محنت کے لیے مخلص وکلاء کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

رکنِ اسمبلی Amy Paulin نے کہا، "جنسی حملہ کٹ کا ٹریکنگ سسٹم قائم کرنا متاثرین کو انصاف دلانے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ یہ رسائی متاثرین کے خود ارادیت اور کنٹرول کے نقصان کا مقابلہ کرے گی جو اکثر جنسی حملے کا مرکز ہوتا ہے۔ ان متاثرین پر پہلے ہی بہت کچھ بیت چکا ہوتا ہے اور ان کے پاس اپنی معلومات تک رسائی کی صلاحیت ہونی چاہیے – جو ممکنہ طور پر ان کے شفا یابی کے عمل میں ایک اہم قدم ہو گا۔ میں نیو یارک کے جنسی حملوں کے متاثرین کو بااختیار بنانے میں مدد کرنے کے اقدامات کرنے کے لیے گورنر Hochul کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہوں"۔

DCJS سسٹم کی کٹس کو اس مقام سے ٹریک کرے گا جہاں سے وہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے جمع کی جاتی ہیں اور اس کے بعد جرائم لیبز کے ذریعے ان کی جانچ بطور ثبوت کرے گا۔ یہ ٹریکنگ سسٹم اُس

ٹریکنگ سسٹم کی تکمیل کرتا ہے جو ان متاثرین کے لیے دستیاب ہو گا جو قانون نافذ کرنے والے اداروں کے سامنے پیش نہ ہونے کا انتخاب کرتے ہیں، لیکن جن کی کٹس کو دفترِ خدماتِ متاثرین (Office of Victim Services, OVS) کی جانب سے 20 سال کی مدت کے لیے ذخیرہ کرنا ہے۔

دفتر برائے خدماتِ متاثرین کی ڈائریکٹر Elizabeth Cronin نے کہا، "ہم گورنر اور مقننہ کو یہ یقینی بنانے کے لیے سراہتے ہیں کہ جرم کے متاثرین کے پاس یہ قیمتی ذریعہ ہو تاکہ انہیں باخبر رکھنے میں مدد کی جا سکے کیونکہ ثبوت پر کارروائی صرف ان متاثرین کے لیے کی جاتی ہے جو قانون نافذ کرنے والے اداروں کو جرم کی اطلاع دینے کا انتخاب کرتے ہیں۔ OVS جرم کے متاثرین کو وہ مدد اور وسائل فراہم کرنے کے لیے وقف ہے جس کی انہیں ضرورت ہے خواہ وہ فوجداری مقدمات میں آگے بڑھنے کا انتخاب کریں یا نہ کریں"۔

فوجداری انصاف کی خدمات کے ڈویژن کی کمشنر Rossana Rosado نے کہا، "ہم DCJS میں سب کے لیے فوجداری انصاف کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے مخلص ہیں، اور ہمیں جنسی زیادتی کے متاثرین کو ان کے مقدمات میں ثبوت پر کارروائی کی کیفیت کے متعلق تازہ ترین اور درست معلومات فراہم کر کے بااختیار بنانے میں مدد کرنے پر فخر ہے۔ ہم گورنر Hochul اور مقننہ میں اپنے شراکت داروں کے شکرگزار ہیں ان کی قیادت اور اس بات کو یقینی بنانے کے عزم کے لیے کہ جنسی زیادتی کے متاثرین کو وہ مدد اور وسائل حاصل ہوں جن کی انہیں ضرورت ہے اور وہ جس کے وہ مستحق ہیں"۔

ریاستی پولیس کے قائم مقام سپرنٹنڈنٹ Steven A. Nigrelli نے کہا، "میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ ان کی قیادت نے جنسی زیادتی کے متاثرین کو مدد فراہم کی۔ یہ نیا ٹریکنگ سسٹم اس بات کو یقینی بنائے گا کہ متاثرین کو اپنے مقدمے میں جمع کروائی گئی شواہد کی کٹ کے بارے میں تازہ ترین معلومات تک رسائی حاصل ہو، اور طبی خدمات فراہم کرنے والوں، فرانزک لیبارٹریوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو یہ یقینی بنانے کے لیے جوابدہ ٹھہرائے گا کہ کٹس پر بروقت کارروائی ہو"۔

OVS جنسی جرائم کے ثبوت جمع کرنے والی اُن کٹس کو ذخیرہ کرنے کے لیے ذمہ دار ہے جو قانون نافذ کرنے والے اداروں کو جاری نہیں کی گئی ہیں۔ صحتِ عامہ کا قانون ریاست سے 20 سال تک کٹس کو ذخیرہ کرنے کا تقاضہ کرتا ہے اور جرم کا شکار شخص اپنی کٹ یا اسٹوریج میں موجود ذاتی اشیاء کے بارے میں کچھ معلومات کی درخواست کر سکتا ہے۔ OVS فی الوقت ایک رضامندی فارم تیار کر رہا ہے، جو ایجنسی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہو گا، جس سے جرائم کے متاثرین کو soeck@ovs.ny.gov پر ای میل بھیجنے کے ذریعے درخواست مکمل کرنے اور OVS کو جمع کروانے کی اجازت ملے گی۔ اس سے جنسی حملے کے شکار اور متاثرین کو وقت دینے میں مدد ملتی ہے جس کی انہیں یہ فیصلہ کرنے کے لیے ضرورت پڑ سکتی ہے کہ آیا جرم کی اطلاع دیں اور جانچ کے لیے اپنی کٹ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو جاری کریں۔

اس سال کے اوائل میں، گورنر Hochul نے 219 بلامنافع کام کرنے والی تنظیموں اور اتحادوں، ہسپتالوں اور سرکاری ایجنسیوں کو 239 متاثرین کے امدادی پروگراموں کی مدد کے لیے تین سالوں کے دوران وفاقی اور ریاستی فنڈز میں تقریباً 373.2$ ملین دینے کا اعلان کیا جو اس نازک وقت میں مشاورت، علاج، ہنگامی پناہ، شہری قانونی مدد، مقدمے کا انتظام اور وکالت فراہم کرتے ہیں۔ یہ OVS کے زیر انتظام فنڈنگ کی اب تک کی سب سے بڑی سرمایہ کاری ہے اور فنڈنگ کا تقریباً نصف حصہ، 47 فیصد گھریلو تشدد کے شکار اور متاثرین اور ان کے خاندانوں کی خدمت کرنے والے پروگراموں کی کفالت کرے گا جبکہ 13 فیصد جنسی حملوں کے شکار اور متاثرین کی خدمت کرنے والے پروگراموں کے لیے فنڈ فراہم کرے گا۔

OVSکے زیر انتظام مالی امداد ایک اہم حفاظتی جال فراہم کرتی ہے اور متاثرین، زندہ بچ جانے والوں اور اہلِ خانہ کو طبی اور مشاورتی اخراجات، تجہیز و تدفین کے اخراجات، ضائع شدہ اجرت اور امداد کے علاوہ دیگر امداد میں مدد کرتی ہے۔ نیو یارک ملک کی واحد ریاست ہے جس میں طبی یا مشاورتی اخراجات پر کوئی حد نہیں ہے، جس کا مطلب ہے کہ افراد جب تک ضرورت ہو امداد حاصل کر سکتے ہیں۔

متاثرین کی مدد کے پروگرام افراد کو OVS کے ساتھ براہِ راست جرم کے نتیجے میں ہونے والے اخراجات کے لیے زرِ تلافی یا معاوضہ حاصل کرنے کے لیے دعوے دائر کرنے میں بھی مدد کرتے ہیں۔ جبکہ زرِ تلافی یا معاوضے کے لیے اہلیت کا تعین فرد کی آمدنی اور دیگر وسائل تک رسائی سے ہوتا ہے، جیسے کہ بیمۂ صحت، متاثرہ امدادی پروگرام کسی بھی ایسے شخص کو خدمات اور مدد فراہم کرتے ہیں جسے ان کی ضرورت ہو۔ OVS Resource Connect نیو یارک کے مکینوں کو پروگراموں کو مخصوص خدشات یا مسائل کے ذریعے باآسانی تلاش کرنے کی اجازت دیتا ہے جن کا انہیں سامنا ہوتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے دفتر خدماتِ متاثرین کی ویب سائٹ پر جائیں اور ایجنسی کو ٹوئٹر اور فیس بک پر فالو کریں۔ ایجنسی کی طرف سے پیش کردہ خدمات کے بارے میں مزید معلومات، بشمول اہلیت کے رہنماء خطوط، کے لیے ovs.ny.gov پر جائیں یا 1-800-247-8035 پر کال کریں۔

ریاست نیو یارک کے جنسی حملے کے خلاف اتحاد کے عبوری ایگزیکٹو ڈائریکٹر، Gwen Wright نے کہا، "NYSCASA اس اہم مسودۂ قانون کو منظور کر کے قانون بنانے اور اس پر دستخط کرنے پر گورنر Hochul اور ریاست نیو یارک کی مقننہ کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے۔ ریاست بھر میں ریپ کٹ ٹریکنگ سسٹم ایک اور ذریعہ ہو گا جو نیو یارک کی عظیم ریاست جنسی زیادتی اور عصمت دری کے متاثرین کو انصاف دلانے کے لیے فراہم کرے گی۔ گورنر Hochul نے برسوں سے جنسی حملوں کے متاثرین کے حقوق کی حمایت کی ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ وہ عصمت دری کی کٹس کی کیفیت کو ٹریک کرنے کی اہمیت کو تسلیم کرتی ہیں تاکہ متاثرین کو محسوس ہو کہ ان کی تقدیر ان کے اپنے ہاتھ میں ہے"۔

Joyful Heart Foundation میں پالیسی اور وکالت کے ڈائریکٹر، Ilse Knecht نے کہا، "آج، Joyful Heart Foundation مسودۂ قانون S.7867-A پر دستخط کرنے پر گورنر Kathy Hochul کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہے، جو ایک ایسا قانون ہے جو نیو یارک کو ان بڑھتی ہوئی ریاستوں میں شامل کرتا ہے جنہوں نے عصمت دری کٹ اصلاح کے جامع چھ درجے حاصل کیے ہیں۔ اس ٹریکنگ سسٹم کے ساتھ، نیو یارک 36 ریاستوں، واشنگٹن ڈی سی، اور پورٹو ریکو کے ساتھ اس اہم ثبوت کو جمع کرنے اور جانچنے کے متعلق شفافیت اور جوابدہی کو بڑھانے میں شامل ہو جاتا ہے۔ ٹریکنگ سسٹم اس بات کو بھی یقینی بناتے ہیں کہ کٹس کی جلد جانچ کی جائے اور متاثرہ پورٹل کے نفاذ کے ساتھ، متاثرین کو ایک ایسا ذریعہ فراہم کیا جائے جس کی انہیں صحت یابی کے لیے ضرورت ہے۔ Joyful Heart پر، ہمیں معلوم ہے کہ متاثرین کو ان کی اپنی شرائط پر ان کی کٹ کے بارے میں معلومات تک آن لائن رسائی دینے سے جنسی زیادتی کے تجربے کی بنیاد پر خود ارادیت اور کنٹرول کے نقصان کا مقابلہ کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ہم اس بل پر دستخط کرنے پر گورنر Hochul کے شکرگزار ہیں اور اس اہم اصلاح کا اطلاق کرنے کے لیے ان کے دفتر کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں